نقد و نظر

اصلاحِ انقلابِ اُمت

تصنیف : مولانا اشرف علی تھانوی

ناشر : ادارۃ المعارف، دارالعلوم، کراچی ۱۴

صفحات : ۲۳۲ - کاغذ، کتابت، طباعت، جلد عمدہ - قیمت ۲۴ روپے

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی مرحوم برصغیر پاک و ہند کے جلیل القدر عالم اور عظیم المرتبت مصنف تھے۔ ان کی زیرِ نظر کتاب "اصلاحِ انقلابِ اُمت" اپنے موضوع میں خاص اہمیت کی حامل ہے۔ اس میں انھوں نے ان خرابیوں اور قباحتوں کا جائزہ لیا ہے جو ہماری گھریلو اور معاشرتی زندگی میں پھیل گئی ہیں اور جن کی وجہ سے معاشرہ کئی قسم کی مصیبتوں میں مبتلا ہے۔ حضرت مصنف نے نکاح، مہر، نفقہ، عدت، رضاعت، طلاق، لقطہ اور دیگر حقوق العباد سے متعلق شرعی احکام کی صراحت کی ہے اور اس کی عمدگی سے وضاحت کی ہے کہ مسلم معاشرے میں کیا کیا غلط رسوم و عوائد پائی جاتی ہیں اور ان کے نتائج کس درجہ نقصان دہ ہیں۔ پھر یہ بتایا ہے کہ شریعت کی روشنی میں انھیں کس طرح دُور کیا جا سکتا ہے۔

تذکرہ مصنفینِ درسِ نظامی

تصنیف : پروفیسر اختر راہی

ناشر : مکتبہ رحمانیہ، اُردو بازار، لاہور۔

صفحات : ۲۸۰ - کتابت، طباعت، کاغذ، جلد عمدہ - قیمت درج نہیں

پروفیسر اختر راہی صاحب، ملک کے مشہور اہلِ علم اور نامور مصنف ہیں۔ "تذکرہ مصنفین درس نظامی" ان کی بہترین تصنیف ہے۔ اصحابِ علم میں اس کتاب نے اس درجہ قبولیت حاصل کی کہ تھوڑے ہی عرصے میں پہلی اشاعت ختم ہو گئی اور اب مناسب اضافوں کے ساتھ دوسری اشاعت سامنے آگئی ہے۔ یہ کتاب اپنے مندرجات کے اعتبار سے بڑی اہم ہے۔ اس میں ان حضراتِ مصنفین اور شارحین کے حالات بیان کیے